کیا حکیم الامت حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ اپنے نام کا کلمہ اور درود پڑھواتے تھے؟

DifaAhleSunnat.com

علماء حق علماء دیوبند

دفاعِ اہلسنت

دفاعِ صحابہ کرامؓ و دفاعِ اہل سنت دیوبند وقت کی اہم ترین ضرورت؟

- یوٹیوب کے اُردو بیانات
- نعت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
- آن لائن دروس، نماز کے مسائل
- آن لائن پی ڈی ایف کتابیں
- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے موضوعات پر بیانات
- نماز کے مسائل پر کتابیں
- قرآن کریم کی تلاوتیں
- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے موضوعات پر کتابیں

DifaAhleSunnat.com

بہتان: حکیم الامت حضرت مولانا محمد اشرف علی تھانوی صاحب رحمۃ اللہ تعالی علیہ پر ایک بہتان کی حقیقت

بریلوی علامہ احمد سعید کاظمی لکھتا ہے دیوبندیوں کا مذہب

علماء دیوبند کے مقتداء مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے نہ صرف خواب بلکہ بیداری کی حالت میں بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْرَفُ عَلِی رَسُولُ اللّٰہِ" اور "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا وَ مَوْلَانَا اَشْرَفَ"، عَلِی پڑھنے کو اپنے متبع سنت ہونے کا اشارہ غیبی قرار دے کر پڑھنے والے کی حوصلہ افزائی فرمائی۔

اھل سنت کا مذھب

اہلِ سنّت کا مسلک ہے کہ ذات جنابِ رِسالتِ مآب صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کو خواب میں دیکھ کر حضور کے علاوہ کوئی دوسری چیز مراد نہیں لی جاسکتی جس نے حضور صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم کو دیکھا اس نے لاریب حضور ہی کو دیکھا۔(۱) **ایسی صورت میں جو شخص یہ کہے کہ** (معاذ اللہ) **میں نے حضور** صلّی اللہ تعالٰی علیہ والہٖ وسلّم **کو گرتا ہوا دیکھ کر حضور کو گرنے سے بچالیا، وہ بارگاہِ رسالت میں دریدہ دہن نہایت گستاخ ہے۔**

(13) دیوبندیوں کا مذھب

علماءِ دیوبند کے مُقتَدَاء مولوی اشرف علی صاحب تھانوی نے نہ صرف خواب بلکہ بیداری کی حالت میں بھی "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْرَفُ عَلِیُّ رَسُوْلُ اللّٰہ" اور "اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا وَمَوْلَانَا اَشْرَفُ عَلِیُّ" پڑھنے کو اپنے مُتّبعِ سنّت ہونے کا اِشارہ غیبی قرار دے کر پڑھنے والے کی حوصلہ افزائی فرمائی۔ دیکھیے: رُوئداد مناظرہ "گیا" اَلْفُرقان جلد ۳، نمبر ۱۲ کے صفحہ ۷۵ پر دیوبندی حضرات کے مایہ ناز مناظِر مولوی منظور احمد صاحب سنبھلی نعمانی تحریر فرماتے ہیں۔

"یہ پنجاب کے رہنے والے ہیں۔ انہوں نے مولانا تھانوی کو ایک طویل خط لکھا ہے۔ اخیر میں اپنے خواب کا واقعہ ان الفاظ میں لکھتے ہیں۔

"کچھ عرصہ کے بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف "لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْرَفُ عَلِیُّ رَسُوْلُ اللّٰہِ" پڑھتا ہوں لیکن "مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہ" کی جگہ حضور(۲) کا نام لیتا ہوں۔ اتنے میں دل

---

❶...... بخاری، کتاب العلم، باب اثم من کذب علی النبی ﷺ، ۱/ ۵۷، الحدیث: ۱۱۰ ...... جس نے مجھے خواب میں دیکھا تحقیق اس نے مجھے ہی دیکھا اسلئے کہ شیطان میری صورت نہیں اپنا سکتا ❷...... اشرف علی تھانوی صاحب

اور کچھ فتوے بھی لگائیں ہیں۔

1۔ یہ تعبیر خبیث اور ناپاک الفاظ کلمہ کفر ہیں۔

2۔ خواب ہو یا بیداری یہ مغضوب الھی ہے۔

3۔ یہ شیطانی وسوسہ ہے اور اللہ تعالی پر بہتان ہے۔

4۔ اب توبہ فرض ہے

5۔ اور اگر ایسی حالت میں مر جائے تو ناری جہنمی کہا جائے گا۔

اہل سنت کا مذہب

اہلِ سنت کے نزدیک ”لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اَشْرَفُ عَلِیْ رَسُوْلُ اللّٰہ“ اور ”اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَنَبِیِّنَا وَمَوْلَانَا اَشْرَفْ عَلِیْ“ کے **خبیث اور ناپاک الفاظ کلماتِ کفر ہیں۔**

خواب یا بیداری میں یہ الفاظ پڑھنا، پڑھنے والے کے مَغْضُوْب اِلٰھِی[1] ہونے کی دلیل ہے۔ جو شخص بے اختیار ان کو ادا کرتا ہے وہ غلبۂ شیطانی سے مغلوب ہو کر بے اختیار ہوا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی طرف اس سلبِ اختیار کی نسبت کرنا اور یہ سمجھنا کہ اللہ تعالیٰ نے ”اشرف علی تھانوی“ کے متبعِ سنّت ہونے کی طرف اشارہ کرنے کے لیے اس کے اختیار کو سلب کر لیا تھا اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے یہ کلماتِ کفر یہ اس کی زبان پر جاری کرائے گئے تھے، مزید غضبِ الٰہی اور عذابِ خداوندی کا موجب ہے۔ **سُبْحَانَکَ ھٰذَا بُھْتَانٌ عَظِیْمٌ**[2] اہلِ سنت کے نزدیک حالتِ مذکورہ اغواء اور اضلالِ شیطان[3] سے ہے۔ جس سے توبہ کرنا فرض ہے۔ اگر خدانخواستہ قائل ایسی حالت میں توبہ سے پہلے مرجائے تو ناری اور جہنّمی قرار پائے گا۔

دیوبندیوں کا مذہب (14)

دیوبندی علماء کے پیشوا مولوی حسین علی صاحب، ساکن واں بھچراں ضلع میانوالی کے نزدیک رسول اللہ صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی مُطَلَّقَہ[4] حضرت زینب رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے بغیر عدّت گزارے نکاح کر لیا۔ ”بلغۃ الحیران“ ص ۲۶۷ پر ہے۔

” اور قبل الدّخول طلاق دو تو اس عورت پر عدت لازم نہ ہوگی جیسا کہ زینب کو طلاق

---

[1]...... جس پر اللہ تعالیٰ کا غضب ہوا ہو۔

[2]...... ”الٰہی پاکی ہے تجھے یہ بہت بڑا بہتان ہے“۔

[3]...... شیطان کے بہکانے اور گمراہ کرنے

[4]...... جنہیں حضرت زید رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے طلاق دیدی تھی۔



فاضل بریلوی کے پہلے خلیفہ غزالی زماں کی تحقیق اور فتوی کے بعد اب دوسرے خلیفہ جنید زماں مولوی عمر اچھروی صاحب کا بہتان بھی پڑھ لیں۔

اپنی کتاب مقیاس حنفیت میں سرخی لکھتے ہیں

دیوبندیوں کا کلمہ بھی مسلمانوں سے علیحدہ ہے۔

(مقیاس حنفیت صفحہ206)

"دیوبندیوں کا کلمہ بھی مسلمانوں سے علیحدہ ہے"

رسالہ الامداد صفر ۱۳۳۶ھ منقولہ از سیف علی ص ۳۵ } (مولوی اشرف علی صاحب کے ایک مرید نے خواب اور بیداری کا واقعہ بیان کیا ہے) میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہوں۔ لیکن محمد رسولا للہ پڑھتا ہوں۔

لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ آپ کا (اشرف علی) نام لیتا ہوں اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ تجھ سے غلطی ہوئی کلمہ شریف کے پڑھنے میں اس کو صحیح پڑھنا چاہیئے۔اس خیال سے

دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں۔دل پر تو یہ ہے کہ صحیح پڑھا جاوے۔لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ کے اشرف علی نکلتا ہے۔(مولوی اشرف علی صاحب فرماتے ہیں) جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہ تعالیٰ متبع سنت ہے۔

مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ

ترجمہ: محمدؐ اللہ کے رسول ہیں اور تمہارے آدمیوں سے کسی کے باپ نہیں۔اور لیکن اللہ کے رسول ہیں اور نبیوں کے خاتم ہیں۔

(احزاب ۲۲/۵ })

بخاری شریف جلداول ص۶ }

بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدً رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَاِقَامُ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمُ رَمَضَانِ

(ترجمہ) نبی علیہ ﷺ نے فرمایا کہ اسلام پانچ بنیادوں پر قائم ہے۔ لا آلہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور نماز کا قائم کرنا اور زکوۃ دینا اور حج کرنا اور رمضان کے روزے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ھٰذا كِتَابُنَا يَنْطِقُ عَلَيْكُمْ بِالْحَقِّ

مقیاس الحنفیّت

جُنید زمان پیر طریقت مناظرِ اعظم
ابوعبدالوہاب مولانا محمد عمر صدیقی علیہ الرحمہ

المقیاس پبلشرز

۴- دربار مارکیٹ لاہور

اس اعتراض پر تفصیلی جواب دینے سے پہلے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ اس واقعہ کو خود حضرت تھانوی رحمۃ اللہ علیہ کے اس ارادتمند کے اپنے الفاظ میں بقدر ضرورت نقل کر دیں۔ وہ صاحب کہتے ہیں کہ:

اور سو گیا کچھ عرصہ بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہوں لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور کا نام لیتا ہوں اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ تجھ سے غلطی ہوئی کلمہ شریف کے پڑھنے میں اس کو صحیح پڑھنا چاہیے اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں دل پر یہ ہے کہ صحیح پڑھا جاوے لیکن زبان سے بے ساختہ بجائے رسول اللہ کے صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نام کے اشرف علی نکل جاتا ہے حالانکہ مجھ کو اس بات کا علم ہے کہ اس طرح درست نہیں ہے لیکن بے اختیار زبان سے یہی نکل جاتا ہے۔

دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے لیکن اتنے میں میری یہ حالت ہو گئی کہ میں کھڑا کھڑا بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہو گئی زمین پر گر گیا اور نہایت زور کے ساتھ چیخ ماری۔

اور مجھ کو معلوم ہوتا تھا کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہ رہی اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہو گیا لیکن بدن میں بدستور بے حسی تھی

اور وہ اثر ناطاقتی بدستور تھا لیکن حالت خواب اور بیداری میں حضور ﷺ کا ہی خیال تھا لیکن حالت بیداری میں جب کلمہ شریف کی غلطی پر جب خیال آیا تو اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جاوے اس واسطے کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو جاوے بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر دوسری کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہ کہتا ہوں اللھم صل علی سیدنا و نبیینا و مولانا اشرف علی۔ حالانکہ اب بیدار ہوں خواب نہیں لیکن بے اختیار ہوں مجبور ہوں زبان اپنے قابو میں نہیں۔ اس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا تو دوسرے روز بیداری میں رقت رہی خوب رویا اور بھی بہت سے (وجوہات ہیں) جو حضور (یعنی حضرت تھانوی ؒ) کے ساتھ باعث محبت ہیں کہاں تک عرض کروں۔ (الامداد ص ۳۵، ماہ صفر ۱۳۳۶ھ)

قارئین کرام اس عبارت میں اس بات کی تصریح ہے کہ کلمہ طیبہ کی غلطی خواب میں ہوئی تھی اور صاحب خواب اس پر خاصہ پریشان ہوا اور خواب میں بھی اپنی غلطی کا احساس کرتا رہا لیکن بے ساختہ زبان سے غلط کلمہ نکلتا رہا اور جب بیداری میں درود شریف غلط پڑھا تو اس میں بھی وہ کہتا ہے کہ بے "اختیار ہوں، مجبور ہوں، زبان قابو میں نہیں ہے۔۔۔اور صرف یہی نہیں بلکہ اپنی اس غلطی پر بھی وہ خوب"

"رویا"۔ اب اس مقام پر چند باتیں قابل غور ہیں ذرا ٹھنڈے دل سے اس پر غور فرمائیں۔ عکس اصل عبارت ملاحظہ فرمائیں

داعی ہوتا ہے بعض اوقات حدود شرعیہ کا خیال بھی نہیں رہتا ایسا شخص مثل حضرت صدیق اکبر کے اُس حال کے ہے جب تک وہ اسلام نہ لائے تھے کہ اُس وقت بھی وہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت فرماتے تھے مگر محض محبت طبیعیہ سے نہ کہ حیثیت شرعیہ سے بس خواب میں ایسے خادموں کی حقیقت بتلائی گئی اس خواب میں جزو مہتم بالشان یہی تھا باقی ظاہر ہے والسلام
۲۰ شوال ۱۳۳۵ھ۔

سوال۔ اب وجہ اس کی عرض کرتا ہوں کہ بیعت ہونے کا خیال مجھکو کیوں ہوا اور حضور کی طرف کیوں رجوع کیا بیعت کا شوق صرف مطالعہ کتب تصوف سے اور حضور کی جانب رجوع اسلئے کہ ہمارے نانا صاحبان مولانا مولوی محمد صاحب مرحوم مولانا مولوی عبداللہ صاحب مرحوم و مولانا مولوی عبدالعزیز صاحب مرحوم لودیانہ والوں سے حضور کے اعتقادات ملتے جلتے تھے اس سے یہ غرض تھی کہ ہمارے نانا یا اور کوئی اپنے دادا وغیرہ علماء کے اعتقادات گو خراب ہی ہوں اُن کو بلاوجہ ترجیح دی جائے اصل غرض یہ ہے کہ حضور کے اور بندہ کے اعتقادات بالکل ایک ہیں اور اگر مولوی صاحبان لودیانوی اور حضور کے درمیان کسی فروعات میں اختلاف بھی ہو ۴۲
تو اس میں بھی جناب کی طرف رجوع کرتا ہوں (۲) اور حضور کی تصنیف چند کتابیں زیر مطالعہ رہی ہیں جن میں سے بہشتی زیور تو حرز جان ہے اور شرح مثنوی مولانا رومی رحمۃ اللہ علیہ کے علاوہ بھی چند تصانیف نظر سے گذریں (۳) ایک دفعہ رامپور ریاست میں جانے کا اتفاق ہوا تو وہاں ...ب مسجد میں ایک مولوی صاحب جو طالب علم تھے اُن کے پاس ٹھہرنے کا اتفاق ہو گیا اور یہ بھی ...لوم ہوا کہ وہ مولوی صاحب حضور سے بیعت ہیں اس لئے اُن سے اور بھی محبت ہو گئی ...لوم میں معلوم ہوا کہ ان کے پاس تھانہ بھون سے دو رسالہ الامداد اور حسن العزیز بھی ماہواری ...تے ہیں بندہ نے اُن کے دیکھنے کے واسطے درخواست کی تو اُن مولوی صاحب طالب علم ...چند رسالہ مجھکو دیکھنے کے واسطے دئے الحمد للہ جو لطف اُن سے اٹھایا بیان سے باہر ہے ...روز کا ذکر ہے کہ حسن العزیز دیکھ رہا تھا اور دوپہر کا وقت تھا کہ غنودگی نے غلبہ کیا اور سو جانے کا ...دہ کیا رسالہ حسن العزیز کو ایک طرف رکھ دیا لیکن جب بندہ نے دوسری طرف کروٹ بدلی تو ...یہ خیال آیا کہ کتاب کو پشت ہو گئی اسلئے رسالہ حسن العزیز کو اٹھا کر اپنے سر کی جانب رکھ لیا

۷۸۶

کان اللہ تعالیٰ

رب زدنی علما

فصل و ارشاد صحیفہ شہریہ ملقب بہ

الامداد

مشتمل شعب علمیہ متنوعہ خمسہ سلسلہ و دائرہ

یعنی امداد الفتاوی فی الفقہ والعقائد و حوادث الفتاوی فی ما یتعلق بالسوانح الجدیدہ
تربیۃ السالک فی الاحوال الخاصۃ من السلوک والرفیق فی سواء الطریق فی الاحوال العامۃ
ملفوظات خیرت ...

جلد (۳)	بابت ماہ صفر المظفر ۱۳۳۶ ہجری	عدد (۸)

باہتمام الاحقر رفیق احمد
از مطبع امداد المطابع تھانہ بھون جلوہ نمود گرفت

...ور سو گیا کچھ عرصہ کے بعد خواب دیکھتا ہوں کہ کلمہ شریف لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھتا ہوں لیکن محمد رسول اللہ کی جگہ حضور کا نام لیتا ہوں اتنے میں دل کے اندر خیال پیدا ہوا کہ مجھ سے غلطی ہوئی کلمہ شریف کے پڑھنے میں اس کو صحیح پڑھنا چاہئے اس خیال سے دوبارہ کلمہ شریف پڑھتا ہوں دل پر تو یہ ہے کہ صحیح پڑھا جاوے لیکن زبان سے بیساختہ بجائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نام کے اشرف علی نکل جاتا ہے حالانکہ مجھکو اس بات کا علم ہے کہ اس طرح درست نہیں لیکن بے اختیار زبان سے یہی کلمہ نکلتا ہے۔ دو تین بار جب یہی صورت ہوئی تو حضور کو اپنے سامنے دیکھتا ہوں اور بھی چند شخص حضور کے پاس تھے لیکن اتنے میں میری یہ حالت ہو گئی کہ میں کھڑا کھڑا بوجہ اس کے کہ رقت طاری ہو گئی زمین پر گر گیا اور نہایت زور کے ساتھ ایک چیخ ماری اور مجھکو معلوم ہوتا تھا کہ میرے اندر کوئی طاقت باقی نہیں رہی اتنے میں بندہ خواب سے بیدار ہو گیا لیکن بدن میں بدستور بے حسی تھی اور وہ اثر ناطاقتی بدستور تھا لیکن حالت خواب اور بیداری میں حضور کا ہی خیال تھا لیکن حالت بیداری میں کلمہ شریف کی غلطی پر جب خیال آیا تو اس بات کا ارادہ ہوا کہ اس خیال کو دل سے دور کیا جاوے اس واسطے کہ پھر کوئی ایسی غلطی نہ ہو جاوے بایں خیال بندہ بیٹھ گیا اور پھر ۴۳
دوسری کروٹ لیٹ کر کلمہ شریف کی غلطی کے تدارک میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود شریف پڑھتا ہوں لیکن پھر بھی یہ کہتا ہوں اللھم صل علی سیدنا ونبینا ومولانا اشرف علی حالانکہ اب بیدار ہوں خواب نہیں لیکن بے اختیار ہوں مجبور ہوں زبان اپنے قابو میں نہیں اُس روز ایسا ہی کچھ خیال رہا تو دوسرے روز بیداری میں رقت رہی خوب رویا اور بھی بہت سے وجوہات ہیں جو حضور کے ساتھ باعث محبت ہیں کہاں تک عرض کروں۔

جواب اس واقعہ میں تسلی تھی کہ جس کی طرف تم رجوع کرتے ہو وہ بعونہ تعالیٰ متبع سنت ہے
۲۴ شوال ۱۳۳۵ھ۔

سوال جناب مخدوم و مطاع مولانا عم فیضہم وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ۔ مکرمت نامہ وارد ہو کر باعث اعزاز ہوا یہ ناچیز حضرت جد امجد قبلہ عالم مدظلہ العالی کا بڑا نواسہ مولوی ..... صاحب مرحوم کا ارشد ہے اس میں شک نہیں کہ جناب نے ضروریات زمانہ کے لحاظ سے دینی خدمت بہت کی ہے اور بہت سے رسائل مفیدہ دینیات میں تصنیف فرما کر لوگوں کو مستفیض فرمایا مگر آپ سے

(۱) پہلی بات خواب کی ایک صورت ہوتی ہے اس میں نیہاں ایک حقیقت ہوتی ہے جس کو تعبیر کہتے ہیں کبھی ایسا ہوتا ہے کہ خواب بڑا خوشنما ہوتا ہے لیکن اس کی تعبیر انتہائی بھیانک اور کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ خواب بظاہر بڑا خوفناک لیکن اس کی تعبیر خوش آئیند ہوتی ہے اور تعبیر سامنے آنے کے بعد خواب دیکھنے والے کی خوشی کی کوئی انتہاء نہیں رہتی۔

* حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چچی حضرت ام الفضل رضی اللہ عنہا بنت الحارث نے ایک خواب دیکھا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یارسول اللہ آج رات میں نے ایک براخواب دیکھا ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایاوہ کیاخواب ہے۔انھوں نے فرمایاوہ بہت ہی سخت (اندیشہ) ہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایاکہ بتاؤیوسہی کہ خواب کیاہے؟حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا نے فرمایاکہ میں نے خواب میں دیکھاکہ گویاآپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم مبارک سے ایک ٹکڑاکاٹ کر میری گود میں ڈالا گیاہے۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایاکہ تم نے بہت اچھاخواب دیکھااس کی تعبیر یہ ہے کہ انشاءاللہ میری لخت جگر بیٹی (سیدہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا) کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا جو تمہاری گود میں کھیلے گا۔چنانچہ حضرت حسین علیہ السلام پیدا ہوئے اور میری گود میں کھیلے جیساکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا۔(مشکوۃ ص ۵۷۲ ج ۲)

ملاحظہ کیجئے بظاہر کس قدر براخواب تھاکہ حضرت ام فضل رضی اللہ عنہا بتلانے سے بھی گھبرا رہی تھیں مگراس کی تعبیر کس قدر خوشنما تھی۔ایک اور مثال حضرت امام اعظم امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کی ملاحظہ کیجئے تاکہ بناسپتی حنفیوں کی آنکھیں کھل جائیں جو حضرت حکیم الامت رحمۃ اللہ علیہ کے مرید کے خواب پر طرح طرح کے اعتراض کرتے ہیں۔

* حضرت امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ نے خواب میں دیکھا کہ وہ آنحضرت ﷺ کے مزار اقدس پر پہنچے اور وہاں پہنچ کر مرقد مبارک کو اکھاڑا (العیاذ باللہ) پس اس پریشان کن اور وحشت انگیز خواب کی اطلاع انہوں نے اپنے استاد کو دی اور اس زمانے میں حضرت امام صاحب علیہ الرحمۃ مکتب میں تعلیم حاصل کر رہے تھے۔ان کے استاد نے فرمایا اگر واقعی یہ خواب تمہارا ہے تو اس کی تعبیر یہ ہے کہ تم جناب نبی اکرم ﷺ کی احادیث کی پیروی کرو گے اور شریعت محمدیہ ﷺ کی پوری کھود کرید کرو گے۔پس جس طرح استاد نے فرمایا تھا یہ تعبیر حرف بحرف پوری ہوئی۔

(تعبیر الرویا ص، اکبر ۱۰۸ بک سیلز)۔

غور فرمائیں کس قدر وحشت ناک خواب ہے لیکن تعبیر کس قدر خوشنما ہے۔۔بتائیں بریلوی حضرات حضرت امام ابو حنیفہ ؒ پر کیا فتوی لگائیں گے ؟؟ میں حلفیہ یہ بات کہہ سکتا ہوں کہ اگر یہاں میں نے امام ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کسی دیوبندی عالم کا نام لکھا ہوتا تو بریلوی حضرات اب تک یہ فتوی لگا چکے ہوتے کہ دیوبندیوں "نے دشمنی رسول ﷺ میں ان کی قبر مبارک کو بھی اکھاڑ پھینکا"۔العیاذ باللہ۔اللہ پاک سمجھ دے۔

اب بریلوی حضرات کے گھر سے کچھ خوابوں کی عجیب تعبیر نقل کرتے اور خصوصا امام اعظم ابو حنیفہ رحمۃ اللہ علیہ کے خواب کو بھی بریلوی مولوی فیض احمد اویسی صاحب نے نقل کیا ہے۔

☆☆ اٹھارہ ایمان افروز حکایات ☆☆

چونکہ حکایات میں دلچسپی کے علاوہ تعبیر واضح ہو جاتی ہے اسی لئے نمونہ کے طور پر چند حکایات پیش کی جارہی ہیں۔

۱...... کسی نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ خواب میں مجھے اللہ تعالیٰ نے لوہا عطا فرمایا اور سرکہ کا ایک گھونٹ پلایا آپ نے فرمایا، لوہے سے سختی مراد ہے، لیکن چونکہ یہ صفت اللہ تعالیٰ نے حضرت داؤد علیہ السلام کو بخشی تھی اسی لئے ممکن ہے تیری اولاد میں کسی کو یہ صفت حاصل ہو۔

سرکہ پلانے میں اشارہ ہے کہ مدت تک بیماری میں مبتلا رہے گا۔ اسی دوران تجھے بہت سا مال ملے گا، اگر تو اس بیماری میں مرگیا تو خدا تعالیٰ تجھ سے راضی ہوگا اور تیرے اگلے پچھلے تمام گناہ معاف فرمادے گا۔ (ابن سیرین)

۲...... کسی نے حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ میں نے خواب میں کعبہ کے اوپر خود کو نماز پڑھتے دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ خدا کا خوف کر میرا خیال تو یہ ہے کہ تو دین اسلام سے خارج ہوگیا ہے، اس نے عرض کی میں توبہ کرتا ہوں کیونکہ تقریباً دو ماہ سے فرقہ قدریہ کے عقائد پر ہوں۔ (تعبیر الرؤیا ابن سیرین)

۳...... کسی نے حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے عرض کی کہ میں نے خود کو اذان دیتے دیکھا ہے۔ آپ نے فرمایا، تیرے دونوں ہاتھ کاٹ دیئے جائیں گے، پھر ایک اور پہلے کی موجودگی میں حاضر ہوکر وہی کہا جو پہلے نے کہا تھا۔ اسے امام ابن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا، تو حج پڑھے گا، اہل محفل نے عرض کی کہ خواب ایک طرح کا ہے تعبیریں مختلف کیوں؟ آپ نے فرمایا کہ پہلے شخص میں شر کے علامات تھے ایسے کیلئے آیۃ ثم موذن ایتها العیر انکم لسارقون ترجمہ : پھر ایک اعرابی نے ندا کی اے قافلہ والو! بیشک تم چور ہو۔ اور دوسرے میں مجھے خیر و بھلائی کے آثار نظر آرہے تھے اسی لئے اس کو حج کی نوید سنائی اللہ تعالیٰ نے فرمایا، و اذن فی الناس بالحج اور لوگوں میں حج کا اعلان کرو (تعبیر الرؤیا)

چنانچہ وہی ہوا جو امام ابن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے فرمایا۔

تبصرہ اویسی غفرلہٗ

قواعد میں فقیر اویسی غفرلہٗ نے ایک قاعدہ لکھا ہے کہ کبھی تعبیر اشخاص کے نشانات کے مطابق ہوتی ہے جیسے امام ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے پہلے میں شر کی علامت سے آیت سرقہ سے ہاتھ کاٹنے کی تعبیر بتائی، دوسرے کے نیکی کی نشانی سے آیت حج سے تعبیر بتائی۔



٤...... حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی خدمت میں ایک شخص نے عرض کی کہ میں نے خواب میں سورج اپنے جسم پر طلوع ہوتے دیکھا۔ آپ نے فرمایا، تجھے بادشاہ کی طرف سے بڑی عزت اور عہدہ ملے گا اور دنیا میں شرف پائے گا۔ دوسرے نے کہا کہ میں نے خواب میں سورج کو اپنے قدموں کی طرف طلوع ہوتے دیکھا۔ آپ نے فرمایا، جہاں جہاں تیرے قدم جائیں گے بادشاہ کی طرف سے معاش کے طور پر تجھے گندم، پھل اور زمین کی پیداوار حاصل ہوگی اور تو اس سے فائدہ پائے گا۔ (تعبیر الرؤیا)

۵...... ایک عورت نے امام ابن سیرین سے عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ چاند ثریا (کہکشاں) میں داخل ہورہا ہے۔ آپ نے اسے فرمایا، یہ خواب دوبارہ بیان کر جب اس نے دوبارہ خواب سنایا تو امام ابن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کا چہرہ زرد ہوگیا اور پیٹ پکڑ کر کھڑے ہوگئے، آپکی ہمشیرہ نے عرض کی، یہ کیا ہے آپ پیلے پڑ گئے۔ آپ نے فرمایا، میں ساتویں دن دفن کردیا جاؤں گا چنانچہ آپ ساتویں دن فوت ہوئے اور ساتویں دن ہی قبر میں چلے گئے۔ (تعبیر الرؤیا ص ۳۱)

رد وہابیہ دیوبندیہ...... اس فرقہ کا فتویٰ ہے کہ کل کیا ہوگا اور کون مرے گا، یہ صرف اللہ تعالیٰ کا خاصہ ہے کسی دوسرے یہاں تک کہ نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کیلئے ماننا شرک ہے اور ان کا چھوٹا بڑا آیت لقمان کے ساتھ بخاری شریف کی حدیث پانچ علوم اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا پڑھتے نہیں تھکتے اہلسنت کا عقیدہ ہے کہ ان علوم میں اللہ تعالیٰ جسے چاہے عطا فرمادے اس موضوع پر فقیر نے تین کتابیں تحریر کی ہیں: (۱) کل کیا ہوگا (۲) طلوع الخمس فی علوم الخمس (۳) مجموعہ علوم خمسہ

بے شمار دلائل میں سے ہماری ایک دلیل یہ ہے کہ امام ابن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ علم التعبیر میں کامل، عارف تھے اور یہ علم بھی علم غیب کی شاخ ہے جسے فقیر نے مقدمہ میں لکھا ہے، تو آپ نے اپنی موت کی قبل از وقت خبر دی اور یہ حکم ربانی بھی تھا چنانچہ اسی رسالہ تعبیر الرؤیا، صفحہ ۳۱ میں ہے کہ اس خاتون نے جو خواب دیکھا تو اسے حکم ہوا چنانچہ وہ خاتون کہتی ہیں۔ اے خاتون چل جا کر یہ خواب محمد بن سیرین کو سنادے۔

٦...... ایک شخص نے سیدنا امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ میں نے خواب میں چاند کو گلے لگایا ہے۔ آپ نے پوچھا، تیری شادی تو نہیں ہوئی؟ عرض کی نہیں۔ فرمایا، تیری شادی ایسی عورت سے ہوگی کہ زمانہ بھر کی عورتوں سے سب سے زیادہ حسین و جمیل ہوگی۔ اس کے بعد وہ شخص ایک مدت تک نظر نہ آیا۔ جب دوبارہ حاضر ہوا تو عرض کی حضرت! میں نے مدینہ پاک میں ایک ایسی عورت سے نکاح کیا ہے جس سے زیادہ اور کوئی عورت حسین و جمیل نہیں، لیکن کل میں نے دیکھا ہے کہ میں خواب میں چاند کو اٹھا رہا ہوں۔ آپ نے فرمایا، تیری بیوی حاملہ ہے، اس سے تیرا بیٹا پیدا ہوگا جو اپنے زمانہ کا خوبصورت ترین ہوگا۔ چنانچہ وہی ہوا جو سیدنا امام محمد جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا۔ (تعبیر الرؤیا ص ۳۱)

۱۱...... خلیفہ عباسی منصور نے خواب میں دیکھا کہ تمام دانت گر گئے۔ صبح کو ایک معبر کو بلایا اور اس نے تعبیر بتلائی کہ اے امیر المؤمنین (خلیفہ منصور) آپ کے تمام رشتہ دار مرجائیں گے، اس پر منصور عباسی خلیفہ نے کہا، اللہ تعالیٰ تیرا منہ بند کرے اور تیری تعبیر کو غلط کرے، دُور ہو یہاں سے۔ پھر حکم فرمایا، کسی اور معبر کو لاؤ۔ ایک اور ایسا معبر لایا گیا، جو بادشاہوں کے مزاج سے واقف تھا۔ اس نے خواب سن کر کہا کہ اے امیر المؤمنین آپ کی عمر لمبی ہوگی اور اپنے خاندان میں آپ سب کے بعد فوت ہوں گے۔ امیر المؤمنین (خلیفہ عباسی) نے ہنس کر کہا کہ بات ایک ہی ہے مگر تو نے پہلے کے برعکس خوبصورت الفاظ میں تعبیر دی ہے اس کے بعد اسے دس ہزار درہم انعام عطا فرمائے۔ (تعبیر الرؤیا)

۱۲...... حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب دیکھا کہ وہ عبدالملک بن مروان سے کشتی لڑ رہے ہیں اور اسے شکست دے کر گرادیا ہے اور کیلوں سے اسے زمین میں گاڑ دیا ہے۔ یہ خواب صبح کو حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس آدمی بھیج کر تعبیر پوچھی، لیکن آدمی کو جیتنے ہارنے والے کا نام نہیں بتایا۔ امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے خواب سن کر فرمایا، یہ خواب یا تو عبداللہ بن زبیر نے دیکھا ہے یا عبدالملک بن مروان نے۔ جب تک خواب دیکھنے والا کا نام نہیں بتائے گا، میں تعبیر نہیں دیتا۔ وہ آدمی واپس آیا۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ انہیں جا کر کہو کہ یہ خواب میں نے ہی دیکھا ہے آپ نے فرمایا کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ عبدالملک بن مروان حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر غالب آئے گا اور انہیں شہید کردے گا اور چونکہ اس نے زمین میں چار میخیں گاڑی ہیں اسی لئے عبدالملک کی اولاد کو ان کے باپ کی طرف سے خلافت ملے گی۔

چنانچہ تاریخ شاہد ہے کہ جیسا حضرت امام محمد بن سیرین علیہ الرحمۃ نے بتایا ویسے ہی حالات وقوع پذیر ہوئے۔ (تعبیر الرؤیا)

فائدہ...... اب بھی مخالفین کمالات انبیاء و اولیاء نہ سمجھیں تو ان جیسا نجس دنیا میں اور کوئی نہیں ہوگا۔

۱۳...... ایک شخص حضرت محمد بن سیرین علیہ الرحمۃ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میری داڑھی یا سر مونڈ دیا گیا ہے امام ابن سیرین علیہ الرحمۃ نے اسے فرمایا کہ یا تو تیرا غلام آزاد ہوکر تجھ سے جدا ہو جائے گا یا اس کی یا تیری موت آجائے گی۔ چنانچہ وہی ہوا کہ وہ شخص پانچ چھ دن کے بعد مر گیا۔ (تعبیر الرؤیا)

١١...... خلیفہ عباسی منصور نے خواب میں دیکھا کہ تمام دانت گر گئے۔ صبح کو ایک معبّر کو بلایا اور اس نے تعبیر بتلائی کہ اے امیر المؤمنین (خلیفہ منصور) آپ کے تمام رشتہ دار مرجائیں گے، اس پر منصور عباسی خلیفہ نے کہا، اللہ تعالیٰ تیرا منہ بند کرے اور تیری تعبیر کو غلط کرے، دُور ہو یہاں سے۔ پھر حکم فرمایا، کسی اور معبر کو لاؤ۔ ایک اور ایسا معبر لایا گیا، جو بادشاہوں کے مزاج سے واقف تھا۔ اس نے خواب سن کر کہا کہ اے امیر المومنین آپ کی عمر لمبی ہوگی اور اپنے خاندان میں آپ سب کے بعد فوت ہوں گے۔ امیر المؤمنین (خلیفہ عباسی) نے ہنس کر کہا کہ بات ایک ہی ہے مگر تو نے پہلے کے برعکس خوبصورت الفاظ میں تعبیر دی ہے اس کے بعد اسے دس ہزار درم انعام عطا فرمائے۔ (تعبیر الرؤیا)

١٢...... حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خواب دیکھا کہ وہ عبدالملک بن مروان سے کشتی لڑ رہے ہیں اور اسے شکست دے کر گرادیا ہے اور کیلوں سے اسے زمین میں گاڑ دیا ہے۔ یہ خواب صبح کو حضرت امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کے پاس آدمی بھیج کر تعبیر پوچھی، لیکن آدمی کو جیتنے ہارنے والے کا نام نہیں بتایا۔ امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ نے خواب سن کر فرمایا، یہ خواب یا تو عبداللہ بن زبیر نے دیکھا ہے یا عبدالملک بن مروان نے۔ جب تک خواب دیکھنے والا کا نام نہیں بتائے گا، میں تعبیر نہیں دیتا۔ وہ آدمی واپس آیا۔ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ انہیں جا کر کہو کہ یہ خواب میں نے ہی دیکھا ہے آپ نے فرمایا کہ اس کی تعبیر یہ ہے کہ عبدالملک بن مروان حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر غالب آئے گا اور انہیں شہید کردے گا اور چونکہ اس نے زمین میں چار میخیں گاڑی ہیں اسی لئے عبدالملک کی اولاد کو ان کے باپ کی طرف سے خلافت ملے گی۔
چنانچہ تاریخ شاہد ہے کہ جیسا حضرت امام محمد بن سیرین علیہ الرحمۃ نے بتایا ویسے ہی حالات وقوع پذیر ہوئے۔ (تعبیر الرؤیا)

فائدہ...... اب بھی مخالفین کمالات انبیاء واولیاء منہ سمجھیں تو ان جیسا نجس دنیا میں اور کوئی نہیں ہوگا۔

١٣...... ایک شخص حضرت محمد بن سیرین علیہ الرحمۃ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میری داڑھی یا سر مونڈ دیا گیا ہے امام ابن سیرین علیہ الرحمۃ نے اسے فرمایا کہ یا تو تیرا غلام آزاد ہو کر تجھ سے جدا ہو جائے گا یا اس کی یا تیری موت آجائے گی۔ چنانچہ وہی ہوا کہ وہ شخص پانچ چھ دن کے بعد مرگیا۔ (تعبیر الرؤیا)

١٦...... ایک شخص نے حضرت محمد بن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ سے عرض کی کہ میرا ایک خواب ہے، مجھے بتانے سے شرم آتی ہے۔ آپ نے کہا، لکھ کردے۔ اس نے لکھ کر دیا کہ میں تین ماہ سے گھر پر نہیں تھا، جہاں تھا میں نے خواب دیکھا کہ گویا میں وہاں سے سوار ہو کر اپنے گھر گیا اور دیکھا کہ میری بیوی سو رہی ہے اور اس کی شرمگاہ پر دو مینڈھے سینگ لڑا رہے ہیں، ایک نے دوسرے کو زخمی کر دیا ہے۔
میں نے جب سے خواب دیکھا ہے بیوی کو چھوڑ رکھا ہے حالانکہ خدا کی قسم میں اس سے محبت کرتا ہوں۔ امام صاحب نے کاغذ پڑھ کر فرمایا کہ اپنی بیوی نہ چھوڑو، وہ پاکدامن عورت ہے۔ واقعہ یہ ہے کہ جب اس نے سنا کہ تو سفر سے آرہا ہے اس نے شرمگاہ کے بال اُتارنے کیلئے اور کوئی شے نہ ملنے پر قینچی سے بال کاٹے، قینچی سے اس پر زخم آگیا، گھر جاکر تصدیق کرلو۔ چنانچہ اس نے گھر جاکر بیوی سے جماع کی خواہش ظاہر کی، عورت نے کہا جماع نہیں کرنے دوں گی جب تک تو وضاحت نہ کرے کہ تو نے مجھے سات ماہ کیوں چھوڑے رکھا اس نے خواب سنایا اور حضرت ابن سیرین رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ کی تعبیر بتائی۔ خاتون نے کہا کہ امام صاحب نے سچ فرمایا ہے۔ پھر اپنے شوہر کا ہاتھ اس مقام پر رکھا تو اس نے دیکھا کہ واقعی امام صاحب کے فرمان کے مطابق زخم ہے اور اس پر روئی رکھی ہوئی ہے، پھر وہ شخص امام صاحب کے پاس آیا اور تمام حال سنایا۔ امام صاحب نے فرمایا، الحمدللہ۔ (تعبیر الرؤیا)

١٧...... کسی نے حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے عرض کی کہ میں نے خواب دیکھا کہ ایک عورت نے میری داڑھی یا سر کو کاٹ دیا ہے۔ آپ نے فرمایا، یہ خواب اچھا نہیں، عورت کی تعبیر سال اور سر کی تعبیر آدمی کا مال ہے۔ یہ تمام چیزیں تجھ سے چھن جائیں گی مگر چونکہ تیرے خواب میں کسی عورت نے ایسے کیا ہے اس لئے ان کا نعم البدل تجھے مل جائے گا۔ چنانچہ چند دنوں کے بعد اس شخص کے ساتھ ایسے ہی ہوا۔ (تعبیر الرؤیا)

١٨...... حضرت امام ابوحنیفہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بچپن میں خواب دیکھا کہ وہ خود کو سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے روضۂ اقدس پر حاضر پایا اور قبر کھودی۔ یہ خواب اپنے استاد کو سنایا، انہوں نے فرمایا کہ تم حضور سرور عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی احادیث کی تحقیق کروگے اور شریعت کی خدمت بھی۔ (تعبیر الرؤیا وخیرات الحسان لابن حجر مکی)

اس قسم کی بے شمار حکایات اس موضوع پر موجود ہیں۔ فقیر اپنے امام رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی حکایت پر اس بحث کو ختم کر رہا ہے یاد رہے کہ امام صاحب کی یہ حکایت آپ کے دَورِ بچپن کی ہے آپ کے دورِ جوانی پھر دورِ فتوی واجتہادی کی عجیب حکایات فقیر کی دو کتب مناقب امام اعظم و مقام امام اعظم میں ملاحظہ فرمائیں۔

اب کوئی بناسپتی حنفی (رضاخانی) ذرا اپنے شیخ الحدیث والتفسیر مولانا فیض احمد اویسی پر کوئی فتوی لگائیں گے؟

یہ مثال دین رضا والوں پر بلکل فٹ آتی ہے کہ دوسروں کو نصیحت خود میاں فضیحت

دین کا مذاق اڑانا، بدعات کو عام کرنا
علماء حق اصلی اہلسنت والجماعت دیوبند پر بہتان تراشی انکی روزی روٹی اسی پر چلتی ہے
انہوں نے جو اسلامی کلمہ کا مذاق بنایا ہے وہ کم از کم مسلمانوں کا عمل نہیں۔

اب بناسپتی حنفیوں کا اصل امتحان شروع ہوتا ہے کہ وہ ہمارے پیش کردہ گواہوں پر وہی فتوی لگائیں جو یہ اصلی اہلسنت والجماعت دیوبند پر لگاتے ہیں۔

اس خواب پر دوکانداری چمکانے والے بناسپتی حنفیوں نے جتنی خیانتیں کی ہی ان پر تبصرہ آخر میں کریں گے۔ فی الحال ایمانداری کا ثبوت دیتے ہوئے (پیروکار دین رضا) اپنی تکفیری مشینوں کا رخ موڑ کر ان حضرات کی طرف کریں۔

(فوائد السالکین فارسی صفحہ نمبر 23)

من خواہند رفت بعدہ امتحان دیگر امیر المومنین علی رضی اللہ تعالے عنہ و یاران دیگر
برخاستند برای شکران نعمت تا برمزید شود و بر ہمہ تکبیر بگفتند آنگاہ شیخ شہاب الدین قدس اللہ
سرہ العزیز فرمود آنکہ درویشان گویند چہار تکبیر یکی یعنی ہمین است پس تکبیر بہر محلی نہایت
کہ بگویند آنگاہ سخن در ان افتادہ کہ اگر مرید در نماز نفل بود و پیر او را آواز دہد اگر مرید ترک
نفل گیرد برائی واسطہ جواب پیر چگونہ باشد خواجہ قطب الاسلام ادام اللہ تقواہ بر لفظ مبارک
راند کہ فاضلتر آن باشد کہ ترک نماز نفل گیرد و بجواب دادن مشغول گردد کہ دران ثواب بسیار
است و فاضلتر از نماز نفل است آنگاہ ہمدرین محل فرمود کہ وقتی من در نماز نفل بودم
شیخ معین الدین ادام اللہ برکاتہ آواز داد بر فور من ترک نماز کردم و لبیک گفتم فرمودند
بیا چون بخدمت شیخ معین الدین رفتم پرسیدند کہ چہ میکردی گفتم در نماز نفل مشغول بودم
آواز شما شنیدم ترک کردم و شما را جواب دادم فرمود کہ از حد نیکو کردی کہ این فاضلتر از
نماز نفل است مستعد بودن در کار پیر خود کار دین ست آنگاہ ہمدرین محل فرمود کہ من وقتی
بخدمت شیخ معین الدین حاضر بودم و اہل صفہ نیز حاضر بودند حکایت اولیا می رفت در میان مردی
از بیرون بیامد و بہ نیت بیعت سرور قدم نہاد خواجہ فرمود بنشین بنشست گفت کہ من
بخدمت شیخ بجہت آن آمدہ ام تا مرید شوم و خدمت شیخ در وقت خود بود فرمود ہرچہ
من ترا بگویم بکنی و بجا آری پس بدین شرط ترا مرید میگیریم گفت ہر انچہ فرمان شود گفت
چنانکہ تو کلمہ میگوئی کہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اگر یکبار بدین طریق بگو لا الہ الا اللہ چشتی رسول
اللہ چونکہ راسخ بود بر فور بگفت خواجہ ورا بیعت کرد و خلعت و نعمت داد و بشرف
بیعت مشرف گردانید آنگاہ آن مرد را گفت بشنو من کہ ترا گفتم کہ کلمہ برین نوع بگو از برای
امتحان عقیدت ترا فرمودہ ام والا نہ من کیستم و کدامم یکی از کمترین بندگان محمد رسول اللہ ام

فوائد السالکین

ملفوظات
حضرت امام المتقین رئیس الکاملین قطب الاقطاب خواجہ قطب الدین
بختیار کاکی اوشی رحمۃ اللہ علیہ
مرتبہ
حضرت سلطان الاولیا بابا فرید الدین گنجشکر رحمۃ اللہ علیہ
بتصحیح مولوی اعجاز احمد صاحب سلمہ اللہ
و
باہتمام اقل انام محمد عبد الاحد عفا اللہ الصمد ماہ صفر سنہ ۱۳۱۱ ہجری نبوی
صلی اللہ علیہ وسلم

در مطبع مجتبائی واقع دہلی مطبوع گردید

https://ataunnabi.blogspot.com/

میں بہت بڑا ثواب ہے۔

اسی موقعہ کے مناسب آپ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نفل کی نماز میں مشغول تھا۔ شیخ معین الدین ادام اللہ برکاتہ نے مجھے آواز دی۔ میں نے فوراً نماز ترک کی اور لبیک کہا۔ آپ نے فرمایا ادھر آؤ! جب میں حاضر ہوا تو آپ نے پوچھا کہ تو کیا کر رہا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں نفل ادا کر رہا تھا۔ آپ کی آواز سن کر نماز ترک کر دی اور آپ کو جواب دیا۔ آپ نے فرمایا بہت اچھا کام کیا ہے کیونکہ یہ نفلوں کی نماز سے افضل ہے۔ اپنے پیر کے دینی کام میں معتقد ہونا بہت اچھا کام ہے۔

حسنِ عقیدہ

اسی موقعہ کے مناسب آپ نے فرمایا کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں اور بہت سے اہل صفا شیخ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر تھے اور اولیاء اللہ کے بارے میں ذکر ہو رہا تھا۔ اسی اثنا میں ایک شخص باہر سے آیا اور بیعت ہونے کی نیت سے خواجہ صاحب کے قدموں میں سر رکھ دیا۔ آپ نے فرمایا بیٹھ جا۔ وہ بیٹھ گیا اور اس نے عرض کی کہ میں آپ کی خدمت میں مرید ہونے کے واسطے آیا ہوں! شیخ صاحب اس وقت اپنی خاص حالت میں تھے۔ آپ نے فرمایا کہ جو کچھ میں تجھے کہتا ہوں وہ کہو اور بجالا تب مرید کروں گا۔ اس نے عرض کی کہ جو آپ فرمائیں میں بجالانے کو تیار ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ تو کلمہ کس طرح پڑھتا ہے؟ اس نے کہا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ آپ نے فرمایا یوں کہو! لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ چِشْتِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔ اس نے اسی طرح کہا۔ خواجہ صاحب نے اسے بیعت کر لیا اور خلعت و نعمت دی اور بیعت کے شرف سے مشرف کیا پھر اس شخص کو فرمایا کہ سن! میں نے تجھے جو کہا تھا کہ کلمہ اس طرح پڑھو! یہ صرف تیرا عقیدہ آزمانے کی خاطر کہا تھا ورنہ میں کون ہوں؟ میں تو ایک ادنیٰ سا غلام محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوں۔ کلمہ اصل میں وہی ہے لیکن میں نے صرف حال کی کمالیت کی وجہ سے یہ کلمہ تیری زبان سے کہلوایا تھا چونکہ تو مرید ہونے کیلئے آیا ہے اور تجھے مجھ پر یقین کامل تھا۔ اس لئے فوراً تو نے ایسا کہہ دیا اس لئے سچا مرید ہو گیا۔ اور درحقیقت مرید کا صدق بھی ایسا ہی ہونا چاہئے کہ اپنے پیر کی خدمت میں صادق اور راسخ رہے۔

توبہ کے تقاضے

پھر اس بارے میں گفتگو شروع ہوئی کہ جب انسان توبہ کرے تو پھر اسے گناہوں سے میل جول نہیں رکھنا چاہئے جن سے وہ پہلے رکھتا تھا کہ کہیں پھر اسی گناہ میں مشغول نہ ہو جائے کیونکہ انسان کیلئے بری صحبت سے بڑھ کر اور کوئی بری چیز نہیں۔ اس

فوائد السالکین (۱۹) ملفوظات خواجہ قطب الدین بختیار کاکی

میں بہت بڑا ثواب ہے۔

اسی موقعہ کے مناسب آپ نے فرمایا کہ ایک مرتبہ میں نفل کی نماز میں مشغول تھا۔ شیخ معین الدین ادام اللہ برکاتہ نے مجھے آواز دی۔ میں نے فوراً نماز ترک کی اور لبیک کہا۔ آپ نے فرمایا ادھر آؤ! جب میں حاضر ہوا تو آپ نے پوچھا کہ تو کیا کر رہا ہے؟ میں نے عرض کیا کہ میں نفل ادا کر رہا تھا۔ آپ کی آواز سن کر نماز ترک کر دی اور آپ کو جواب دیا۔ آپ نے فرمایا بہت اچھا کام کیا ہے کیونکہ یہ نفلوں کی نماز سے افضل ہے۔ اپنے پیر کے دینی کام میں معتقد ہونا بہت اچھا کام ہے۔

حسنِ عقیدہ

اسی موقعہ کے مناسب آپ نے فرمایا کہ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ میں اور بہت سے اہل صفا شیخ معین الدین رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں حاضر تھے اور اولیاء اللہ کے بارے میں ذکر ہو رہا تھا۔ اسی اثنا میں ایک شخص باہر سے آیا اور بیعت ہونے کی نیت سے خواجہ صاحب کے قدموں میں سر رکھ دیا۔ آپ نے فرمایا بیٹھ جا۔ وہ بیٹھ گیا اور اس نے عرض کی کہ میں آپ کی خدمت میں مرید ہونے کے واسطے آیا ہوں! شیخ صاحب اس وقت اپنی خاص حالت میں تھے۔ آپ نے فرمایا کہ جو کچھ میں تجھے کہتا ہوں وہ کہو اور بجالا تب مرید کروں گا۔ اس نے عرض کی کہ جو آپ فرمائیں میں بجالانے کو تیار ہوں۔ آپ نے فرمایا کہ تو کلمہ کس طرح پڑھتا ہے؟ اس نے کہا لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔ آپ نے فرمایا یوں کہو! لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ چِشْتِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ۔ اس نے اسی طرح کہا۔ خواجہ صاحب نے اسے بیعت کر لیا اور خلعت و نعمت دی اور بیعت کے شرف سے مشرف کیا پھر اس شخص کو فرمایا کہ سن! میں نے تجھے جو کہا تھا کہ کلمہ اس طرح پڑھو! یہ صرف تیرا عقیدہ آزمانے کی خاطر کہا تھا ورنہ میں کون ہوں؟ میں تو ایک ادنیٰ سا غلام محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہوں۔ کلمہ اصل میں وہی ہے لیکن میں نے صرف حال کی کمالیت کی وجہ سے یہ کلمہ تیری زبان سے کہلوایا تھا چونکہ تو مرید ہونے کیلئے آیا ہے اور تجھے مجھ پر یقین کامل تھا۔ اس لئے فوراً تو نے ایسا کہہ دیا اس لئے سچا مرید ہو گیا۔ اور درحقیقت مرید کا صدق بھی ایسا ہی ہونا چاہئے کہ اپنے پیر کی خدمت میں صادق اور راسخ رہے۔

توبہ کے تقاضے

پھر اس بارے میں گفتگو شروع ہوئی کہ جب انسان توبہ کرے تو پھر اسے گناہوں سے میل جول نہیں رکھنا چاہئے جن سے وہ پہلے رکھتا تھا کہ کہیں پھر اسی گناہ میں مشغول نہ ہو جائے کیونکہ انسان کیلئے بری صحبت سے بڑھ کر اور کوئی بری چیز نہیں۔ اس
واسطے کہ صحبت کی تاثیر ضرور ہو جایا کرتی ہے اور اسے چاہئے کہ خود بھی جس کام سے توبہ کی ہے اس سے کنارہ کشی کرتا رہے اور اسے اپنا دشمن خیال کرتا رہے۔

اس کے بعد آپ نے فرمایا کہ خواجہ حمید الدین بہلوانی ایک مرد بزرگ جو حضرت خواجہ معین الدین کے مریدوں میں سے تھے اور اس دعا گو کے ہم خرقہ تھے جب انہوں نے توبہ کی تو یار اور ہم نشین پھر آئے اور آپ سے کہا کہ آؤ! پھر وہی عیش لوٹیں۔ خواجہ حمید الدین بہلوانی نے وہاں جانے سے انکار کیا اور کہا کہ جاؤ! گوشہ میں بیٹھو اور اس مسکین کو چھوڑ دو کہ میں نے اپنا ازار بند

www.maktabah.org

حالت بیداری میں جان بوجھ کر کلمہ پڑھوایا گیا پورا پیرہ پڑھیں۔ کیا اس پر پیرو کار دین رضا کی کچھ دینی غیرت جاگی یا دوکانداری بند ہونے کا ڈر پیدا ہوا گیا گستاخ اولیاء کرام رحمھم اللہ؟

چہ درینجا امتیاز میان تجلی کہ بر تعین حقیقۃ جبرائیلیہ و حقیقۃ محمدیہ علیہما الصلوۃ والسلام کہ اول القاء سور قرآنیہ میفرماید و ثانی مخاطب بآن باشد و ہم چنیں میان تجلی کہ وجود سالک بعینہ مظہر حقیقۃ محمدیہ علی صاحبہا الصلوۃ والسلام شدہ در ترنم لا الہ الا اللہ چشتی رسول اللہ در آید یا رفع اشتباہ میان تجلی ملکی کہ نازل است بر سالک و تعین ملکی کہ نزول فرمودہ بود بر نبی از انبیاء سابقہ و بسبب تشابہ آن دو تعین دعوی عینیۃ آن نبی نماید بغیر از مدد سابقہ عنایت ازلیہ کہ اکثر و اغلب از صورت پیر ظہور مینماید دشوار است و متعسر ۔ طالب را باید کہ اولاً نفی وجود موہوم بتکرار نفی و اثبات و مداومت بر دوازدہ تسبیح معمولہ خواجگان نماید بعد ازاں دست بمراقبہ زند کہ المجاہدۃ ثم المشاہدۃ الا در حق بعضے از اہل سعادت کہ جذب مقدم است بر سلوک نصیب او شان است

کیونکہ اس راہ (مشکل احوال) میں (فیوضات ظہور واردات اور ورود تجلیات سے ناواقف کے لئے) امتیاز درمیان تجلی نوری کے جو کہ تعین حقیقت جبرائیلیہ و حقیقت محمدیہ علیہما الصلوۃ والسلام پر کہ اول (حقیقت جبرائیلیہ) القائے سور قرآنیہ (کا فیضان) کرتی ہے ۔ اور ثانی (حقیقت محمدیہ مخاطب (بکلام اللہ) ہوتی ہے اور ایسا ہی امتیاز درمیان تجلی (ظہوری) کے کہ سالک کا وجود بعینہٖ مظہر حقیقت محمدیہ ہو کر "لا الہ الا اللہ چشتی (سالک) رسول اللہ" کے ترنم میں آتا ہے ۔ یا (سالک کے مشاہدہ میں) رفع اشتباہ کا درمیان تجلی ملکی کے (کہ قلب) سالک پر نازل ہے ۔ اور تعین ملکی کہ انبیاء سابقین سے کسی نبی پر اس فرشتہ نے نزول فرمایا ہو (اور بمناسبت قلب سالک کے اس نبی کے قلب سے سالک پر تجلی ملکی وارد ہوا ہو) اور بسبب باہمی مشابہت ان دونوں تعین (تجلی ملکی و تعین ملکی) کے سالک (قریب مشاہدہ سے) دعوی عینیت (بروزی) اس نبی کا کرتا ہے ۔ تو بغیر مدد سابقہ عنایت ازلی کے ۔ کہ اکثر و اغلب احوال میں (وہ مدد ازلیہ) شیخ کامل کی صورت لطیفہ سے ظہور کرتی ہے ۔ طالب صادق کو لازم ہے کہ اولاً (بارادہ و خیال) نفی وجود موہوم کی کلمۂ نفی و اثبات (لا الہ الا اللہ) کے تکرار سے اور بارہ تسبیح (بارہ سو معمولہ) خواجگان پر مداومت کرے (جن کی تفصیل با شرائط کشکول کلیمی میں ملاحظہ فرماویں) بعد ازاں مراقبہ شروع کرے ۔ کیونکہ مشاہدۂ ربوبیت مجاہدہ و مشقت سے حاصل ہوتا ہے ۔ ہاں بعض اہل سعادت کے حق میں کہ انکے نصیب خوش نصیبی میں جذب (کشش ایزدی) سلوک پر مقدم ہے ۔

[illegible]

مکن جمیعا التحقیق فہو حق الباطل ان الباطل کان زھوقا

ہٰذہ العجالۃ من تصنیف زبدۃ الفقراء الصادقین والعلماء المدققین السید الجیلانی

مولانا پیر مہر علیشاہ قدس سرہ العزیز

المسماۃ بہ

تحقیق الحق

فی

کلمۃ الحق (مترجم)

مع

مختصر حالات حضور قبلہ عالم گولڑوی رضی اللہ عنہ

بتصحیح و ترجمہ

مولانا مولوی عبدالرحمن صاحب بنگوی و مولانا مولوی فیض احمد صاحب صدر مدرس

جامعہ غوثیہ گولڑہ شریف

